کام کرنے والوں کے لیے بہت مفید اور کار آمد ہیں۔ پہلا ضمیمہ حیات سید احمدؒ کے زیر عنوان سرسید کے تمام واقعات وحالات کے سنین اور تاریخ پر مشتمل ہے۔ دوسرا ضمیمہ جو کتابیات پر ہے اس میں پہلے سرسید کی تصنیفات و تالیفات کی ایک طویل فہرست ہے۔ اس کے بعد سرسید پر جو کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان کی اور پھر ان مزید کتابوں کی جو اس تصنیف کے وقت فاضل مصنف کے پیشِ نظر رہی ہیں۔ غرض کہ کتاب بہت مفید پر از معلومات اور لائق مطالعہ ہے۔

اسباب بغاوتِ ہند از سرسید احمد خاں مرتبہ جناب فوق کریمی۔ تقطیع خورد۔ ۱۷۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد تین روپیہ۔ پتہ :۔ کتب خانہ انجمن ترقی اردو، اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶۔

سرسید کی یہ وہ مشہور اور معرکہ آرا کتاب ہے جو انہوں نے ۱۸۵۷ء کے ہنگامہ کے اسباب و دواعی سے متعلق بڑی جسارت اور بیباکی سے لکھی تھی اور جس نے اس وقت کی برطانوی پارلیمنٹ کے ایوان میں زلزلہ پیدا کر دیا تھا۔ ایسی اہم کتاب ایک ہی مرتبہ چھپ کر رہ گئی تھی۔ عرصہ سے بالکل ناپید تھی۔ اب یہ بہت خوب ہوا کہ لائق مرتب نے اس کو دوبارہ اہتمام سے شائع کر دیا ہے اور اس پر اسّی صفحات کا ایک طویل مقدمہ لکھا ہے جس میں ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت اس کے اثرات اس [illegible] مغلیہ سلطنت کے حالات ملک کی سماجی، اقتصادی اور اخلاقی حالت ۱۸۵۷ء کے وجوہ و اسباب سرسید کے سوانح حیات ان کی خدمات وغیرہا ان سب پر مفصل گفتگو کی گئی ہے۔ اصل کتاب تو نہایت اہم ہے ہی اس کا مقدمہ بھی فکر انگیز اور لائق مطالعہ ہے۔